10430- تجارتی اعلانات کر کے تاجروں کو چندہ دینے کی ترغیب دینا

سوال

تحفیظ القرآن کے بعض مراکز کچھ تاجر حضرات کو چندہ دینے کی اپیل کرتے ہیں اور اس میں یہ ذکر کیا جاتا ہے کہ آپ کا تجارتی اعلان مدرسہ کے اوراق میں شامل کیا جائے گا تو کیا اس طرح کے اعلانات کرنے جائز ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ

میں نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد
بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

چندہ دینے والے کے لیے اس بات کی ممانعت ہے کہ وہ چندہ دنیا کی خاطر جمع کروائے
، لھذا (اپیل میں) یہ جملہ ذکر نہیں کرنا چاہیے ۔

واللہ اعلم .